سوال

(753) کیا مقتدی قرآن کی سورتوں کے جواب دے سکتا ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا مقتدی قرآن کی سورتوں کے جواب دے سکتا ہے ؟ آہستہ آواز سے یا بلند آواز سے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

مقتدی اگر آیات کا جواب دینا چاہے تو بلا آواز جواب دے سکتا ہے با آواز نہیں دے سکتا کیونکہ اس کو استماع وانصات کا حکم ہے ۔ ہاں جن چیزوں کا مقتدی کے لیے باآواز کہنا کتاب وسنت سے ثابت ہے وہ چیزیں باآواز ہی کہے گا ۔ ۱۳/۱/۱۴۲۴ھ

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02ص746

محدث فتویٰ